احوال و کوائف

مولانا عبدالقیوم حقانی

# دارالعلوم کے شب و روز

**جزائر مالدیپ کے مشیر مذہبی امور کی آمد** | ۲ جون۔ سربراہ مالدیپ کے مشیر مذہبی امور شیخ الاسلام محمد جمیل صاحب زیدی اپنے مطالعاتی و تعارفی دورہ میں دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ دفتر اہتمام میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقات کی اور اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ جہاں حضرت شیخ الحدیث نے انہیں ضیافت بھی دی۔ اگرچہ دارالعلوم میں عام تعطیلات تھیں تاہم حضرت شیخ کی ملاقات اور دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات دیکھنے سے بے حد خوش ہوئے اور کتاب الآراء میں اپنی گراں قدر رائے بھی تحریر فرمائی۔

**ختم بخاری** | ۴ر مئی ۸۳ء دارالعلوم علوم شرعیہ بنوں کے مہتمم مولانا حضرت علی صاحب مدظلہ، دورۂ حدیث کے طلباء کی ایک جماعت کے ساتھ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے تاکہ حضرت اقدس شیخ الحدیث مدظلہ سے ختم بخاری کی سعادت حاصل کریں۔ لہٰذا ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ حضرت شیخ نے بخاری شریف کی آخری حدیث کا درس دیا جسے مولانا انوار الحق صاحب نے قلم بند کر لیا ہے۔ طلباء کو اجازت حدیث مرحمت فرمانے کے ساتھ ساتھ ان کی درخواست پر دستار بندی بھی کرائی۔ اس طرح مختصر اقامت کے بعد طالبان علم نبوت کا یہ قافلہ بنوں کے لئے روانہ ہو گیا۔

**دستار بندی افغانی فضلاء** | ۲۰ رمئی۔ حرکت انقلاب اسلامی افغانستان کے زیر اہتمام افغانستان سے تعلق رکھنے والے فارغ التحصیل طلباء کی دستار بندی کے لئے پشاور میں ایک عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا۔ طلباء میں اکثریت ان کی تھی جنہوں نے دارالعلوم حقانیہ سے تعلیم حاصل کی تھی۔ منتظمین کے شدید اصرار پر مولانا سمیع الحق صاحب اور مفتی اعظم دارالعلوم مولانا محمد فرید صاحب نے اجتماع میں شرکت کی۔ اور جہاد کے موضوع پر خطاب بھی فرمایا اور دستار بندی میں بھی شریک رہے۔

ااتوی

**برطانوی سکالر خاتون کی آمد** | ۳ رمئی۔ ایک عالمی خبر رساں ایجنسی کی نمائندہ مسز آرا
باشندہ ہیں، پاکستان ٹوبیکو کمپنی اور دارالعلوم حقانیہ تشریف لائیں۔ حضرت شیخ کو ما
قندھار اور افغانستان سے متعلق اہم معلومات سے آگاہ کیا۔ جہاد افغانستان
بین الاقوامی تاثرات بھی ظاہر کئے۔ اور اس سلسلہ میں دارالعلوم حقانیہ
کی حقانیت، صداقت، جامعیت، ہمہ گیری اور ادیان عالم پر
مخصوص انداز میں انہیں اسلام کی دعوت بھی دی۔ اس مذا
محفوظ کر لئے ہیں۔ آئندہ کسی مجلس میں پیش کر دئے جائ